قانون موٹر گاڑی

یعنی

ایکٹ نمبر ۸ سنہ ۱۹۱۴ء

{نواب گورنر جنرل بہادر باجلاس کونسل نے اس ایکٹ کو بتاریخ ۲۰ فروری سنہ ۱۹۱۴ء منظور فرمایا}

ایکٹ برائے یکجائی و ترمیم اُن کل قوانین کے جو موٹر گاڑیوں کے متعلق برٹش انڈیا میں جاری ہیں

تمہید چونکہ قرین مصلحت ہے کہ وہ کل قوانین جو موٹر گاڑیوں کے متعلق برٹش انڈیا میں جاری ہیں یکجا اور ترمیم کیے جائیں۔ لہٰذا احکام ذیل صادر ہوتے ہیں:۔

حصہ ۱

تمہیدی

مختصر نام۔ دائرہ نفاذ اور شروع نفاذ۔

دفعہ ۱۔ (۱) اس کا نام ایکٹ موٹر گاڑی سنہ ۱۹۱۴ء ہے

(۲) سوائے حصہ ۳ کے یہ کل ایکٹ کل برٹش انڈیا میں نافذ ہوگا جس میں برٹش بلوچستان، سونتال پرگنے اور پرگنہ سپتی داخل ہیں۔ ابتداً حصہ ۳ کا نفاذ صرف صوبجات مدراس و بمبئی و بنگال و ممالک متحدہ آگرہ و اودھ و پنجاب و بہار و اڑیسہ و صوبہ سرحدی مغربی و شمالی اور دہلی میں ہوگا۔ مگر دیگر صوبجات کی لوکل گورنمنٹوں کو اختیار ہے کہ گزٹ مقامی میں اشتہار دیکر حصہ ۳ کو اپنے پورے صوبہ میں یا اُس کے کسی خاص حصہ میں جاری کر دیں۔

تعداد جلد ۱۲۵۰ قیمت فی جلد ۲ر

(۲) اس ایکٹ کا نفاذ اُس تاریخ سے ہوگا جو لاٹ گورنر جنرل بہادر اجلاس کونسل کیطرف سے گزٹ آف انڈیا میں مشتہر کردیجائے گی۔

تعریفات — **دفعہ ۲** - "موٹر یا موٹر گاڑی" سے تمام ایسی گاڑیاں مراد ہیں جو خواہ کلیتاً یا جزءً بجلی سے یا کلوں کے ذریعہ سے سڑک پر چلتی ہوں یا چل سکتی ہوں۔

"مقررہ" سے مقررہ از روئے قواعد ایکٹ ہذا مراد ہے۔

"پبلک جگہ" کے لفظ میں تمام سڑکیں اور راستے اور نیز ایسے کل مقامات داخل ہیں جو گو شارع عام نہوں مگر جہاں لوگ بہ اجازت جا سکتے ہوں یا جہاں انکو جانیکا حق ہو۔

حصہ ۲

عام احکام

۱۸ برس سے کم عمر لوگوں کیلئے موٹر چلانے کی ممانعت — **دفعہ ۳** - (۱) کوئی شخص جسکی عمر ۱۸ سال سے کم ہو کسی پبلک جگہ موٹر چلانے کا مجاز نہیں ہے۔

(۲) کوئی مالک یا ذمہ دار موٹر کسی آدمی کو جسکی عمر ۱۸ سال سے کم ہو کسی پبلک جگہ موٹر چلانے کی اجازت نہیں دے سکتا۔ اور در صورت خلاف ورزی ضمن (۱) کے عدالت قیاس کر سکتی ہے کہ ایسی موٹر مالک یا ذمہ دار کی اجازت سے چلائی گئی۔

ذمہ دار موٹر کے فرائض — **دفعہ ۴** - ذمہ دار موٹر کو لازم ہے کہ اپنی موٹر ذیل کے موقعوں پر روک لے اور جب تک ضروری ہو روکے رہے۔

(الف) جب کوئی افسر پولیس خواہ بغرض انتظام سڑک یا بغرض دریافت کرنے نام اور پتہ کے تا کہ اس ایکٹ کے بموجب مقدمہ چلایا جائے۔ یا کسی غرض سے جو احکام ایکٹ ہذا یا قواعد کی تعمیل کے واسطے ضروری ہو موٹر روکنے کا حکم دے۔ یا

(ب) جب کوئی آدمی جو کوئی ایسا جانور اپنے ہمراہ لئے جاتا ہو جو موٹر سے بھڑکتا ہو یا اندیشہ ہو کہ بھڑکیگا موٹر روکنے کو کہے۔ یا

(ج) جب ذمہ دار موٹر جانتا یا بوجہ معقول جان سکتا ہو کہ اُس کی موٹر سے کسی آدمی یا جانور کو یا کسی دوسرے شخص کی گاڑی کو نقصان پہنچا۔ اور اس حالت میں یہ بھی اسکا فرض ہو کہ اپنا نام و پتہ اور نیز مالک کا نام و پتہ اگر اُس سے پوچھا جائے ظاہر کردے۔

بے تحاشا ہانکنا — **دفعہ ۵** - اگر کوئی شخص کوئی موٹر گاڑی کسی پبلک جگہ پر بے پرواہی

یا غفلت سے یا اسقدر تیز یا ایسے طریقے سے چلائیگا کہ لوگوں کیواسطے خطرناک ہو۔ اور اس صورت میں موقع کے تمام حالات پر نظر رکھنا چاہیے مثلاً اُس مقام کی نوعیت اور حالت اور اُسکا استعمال اور خاص اُس وقت کتنا مجمع وہاں ہوتا ہے یا بطور معقول قیاس کیا جاسکتا ہے کہ ہوگا۔ تو اُسکو سزا ئے جرمانہ ہوگی جس کی انتہائی تعداد پانسو روپیہ تک ہوگی۔

حصہ ۳

موٹروں کے لیسنس اور رجسٹری کے متعلق

ڈرائیور کا لیسنس

دفعہ ۶۔ کوئی شخص کوئی موٹر گاڑی کسی پبلک جگہ پر نہیں چلا سکتا تاوقتیکہ اُسکے پاس ایک باضابطہ لیسنس نہ ہو اور کوئی مالک یا ذمہ دار موٹر اپنی گاڑی کسی آدمی سے جس کے پاس ایسا لیسنس نہو چلوانیکا مجاز نہ ہوگا مگر بپابندی قواعد مقررہ لوکل گورنمنٹ۔ دفعہ ہذا اُن لوگوں سے متعلق نہیں ہے جو موٹر چلانا سیکھتے ہوں۔

لیسنس کسی دوسرے کو دینا

دفعہ ۷۔ کوئی لیسنسدار اپنا لیسنس کسی دوسرے کو نہیں دے سکتا۔

لیسنس افسر پولیس کے سامنے پیش کرنا۔

دفعہ ۸۔ لیسنسدار کا فرض ہے کہ جب کوئی افسر پولیس حکم دے تو اپنا لیسنس اوسکے سامنے پیش کردے۔

لیسنس کا حلقہ

دفعہ ۹۔ ہر لیسنس صرف اُسی حلقہ تک جایز ہوگا جس کیواسطے وہ دیا جاوے۔ مگر جبکہ لیسنس کسی ایک صوبہ کیواسطے دیا جائے تو اُس میں اُس صوبہ کے باہر کے مقامات کی توضیح نہ ہوگی الا جبکہ لیسنس کسی ایسے حاکم کیطرف سے اور ایسے شرائط و قیود کے ساتھ دیا جاوے جو نواب گورنر جنرل بہادر اجلاس کونسل کیطرف سے مقرر ہو جائیں۔

موٹروں کی رجسٹری

دفعہ ۱۰۔ (۱) ہر مالک موٹر کو لازم ہے کہ اپنی موٹر کی رجسٹری باضابطہ طریقہ سے کرائے

(۲) یہ رجسٹری صرف اُسی حلقہ تک جایز ہوگی جسکی تصریح سرٹیفکیٹ رجسٹری میں کردیجائے۔ مگر سرٹیفکٹ رجسٹری صوبہ کے باہر جایز نہیں سمجھا جائیگا الا جبکہ ایسی شرائط و قیود کیساتھ دیا جاوے جو نواب گورنر جنرل بہادر اجلاس کونسل کی طرف سے مقرر ہو جائیں۔

قواعد از جانب لوکل گورنمنٹ

دفعہ ۱۱۔ (۱) لوکل گورنمنٹ واسطے تعمیل احکام ایکٹ ہذا اور واسطے انتظام اس امر کے کہ پورے صوبہ میں یا صوبہ کے کسی خاص حصہ میں موٹر گاڑیاں یا کسی خاص قسم کی موٹر گاڑیاں پبلک مقامات میں کس طریقہ سے چلائی جائیں قواعد مرتب کریگی مگر ان قواعد کا مسودہ پہلے شایع ہولیگا۔

(۲) قواعد مذکور خاصکر کل یا بعض امور ذیل کی نسبت ہونگے :-

(الف) نسبت شرائط متعلقہ رجسٹری موٹر فیس رجسٹری و سرٹیفکٹ رجسٹری و اطلاع تبدیل ملکیت۔ اور مطابق مضمون دفعہ ۱۰ کس حلقہ میں سرٹیفکٹ رجسٹری بکار آمد ہوگا۔

(ب) نسبت آسانی شناخت موٹر خواہ بذریعہ نمبر اور نام کے جو موٹر پہ نمایاں طور سے لکھنا چاہئے یا اسکے سوا کسی دوسرے طریقہ سے۔

(ج) نسبت ساخت موٹر اور اُسکے ساز و سامان کے مثلاً لمپ و گھنٹی و بگل و بریک آلہ اظہار رفتار وغیرہ۔

(د) ڈرائیوروں کے لیسنس یا کسی خاص قسم کے ڈرائیوروں کے لیسنس کس افسر کے یہاں سے اور کن شرائط کے ساتھ ملینگے۔ ایسے لیسنسوں کی بابت فیس کس قدر دینا ہوگی۔ اور مطابق مضمون دفعہ ۹ کس حلقہ میں اور کتنے عرصہ تک بکار آمد ہونگے۔

(ہ) کن شرائط کے ساتھ موٹر کسی خاص جگہ کیواسطے یا بلا تخصیص مقام عام طور پر بکرایہ چل سکتے ہیں اور اس قسم کی اجازت کیواسطے فیس کتنی دینا ہوگی۔

(و) ان قواعد کی نسبت جب موٹر کسی پبلک جگہ کھڑے رہیں۔

(ز) موٹر کی رفتار عام طور پر یا کسی خاص پبلک جگہ میں کتنی ہونا چاہئے۔

(ح) اگر لوکل گورنمنٹ کی رائے میں کسی مقام پر موٹر چلانے میں راہ چلنے والوں کو خطرہ یا تکلیف ہو تو ایسی جگہ موٹر چلانیکی ممانعت یا وہاں کے متعلق خاص قواعد کی نسبت۔

(ط) عام احکام نسبت انسداد خطرہ و نقصان و دقت کے جو عامہ خلائق یا کسی آدمی کو واقع ہو۔ یا نسبت انسداد خطرہ و نقصان مال۔ یا رفع مزاحمت کی نسبت جو لوگوں کی آمد و رفت میں واقع ہو۔

(۳) جو قواعد اس دفعہ کی رو سے بنیں گزٹ مقامی میں شائع ہونگے اور اشاعت کے بعد مثل قانون کے موثر سمجھے جائیں گے۔

قواعد کی اطلاع | **دفعہ ۱۲** — جو قواعد نسبت ممانعت یا انتظام سواری موٹر کسی خاص پبلک جگہ کیواسطے یا نسبت تعین رفتار موٹر دفعہ ۱۱ کے بموجب لوکل گورنمنٹ کی طرف سے جاری ہوں انکی بابت ایک عام اطلاع مقررہ حاکم کیطرف سے دیجائیگی اور مقامات مذکور میں نمایاں طریقہ سے چسپاں کر دیجائے گی۔

مستثنے کرنیکا اختیار | **دفعہ ۱۳** — لوکل گورنمنٹ کو اختیار ہے کہ گزٹ مقامی میں اشتہار دیکر کسی خاص حلقہ کو

جس کی تصریح اشتہار میں کر دیجائیگی۔ اس حصہ سے مستثنے کر دے اور اسیطرح کسی موٹر کو یا کسی خاص قسم کی موٹروں کو بلاتعین وقت یا ایک مقررہ مدت کیلئے اس کل حصہ سے یا اسکی بعض دفعات سے مستثنے کر دے۔

حصہ ۴

ایسی موٹروں کے متعلق جو تھوڑے عرصہ کے واسطے برٹش انڈیا میں آئیں یا برٹش انڈیا سے باہر جائیں

نواب گورنر جنرل بہادر اجلاس کونسل کا اختیار وضع قواعد کی نسبت

دفعہ ۱۴- (۱) نواب گورنر جنرل بہادر اجلاس کونسل کو اختیار ہے کہ اغراض ذیل کے واسطے قواعد وضع کریں۔

(الف) بابت تصدیق ایسے پاس یا سرٹیفکیٹ یا اجازت نامے کے جو اُن اشخاص کو دیا جائے جو اپنی موٹر تھوڑے عرصہ کے واسطے برٹش انڈیا سے لیجانا چاہیں۔ یا اُن ڈرائیوروں کو دیا جائے جو حدود برٹش انڈیا کے باہر موٹر چلانے کی غرض سے جانا چاہیں۔

(ب) وہ لوگ جو چندروز کے واسطے برٹش انڈیا میں آئیں اور اپنی موٹر اپنے ساتھ لائیں انکو موٹر رکھنے اور چلانیکے واسطے کن شرائط کی پابندی لازمی ہوگی۔

(۲) کل قواعد متعلقہ دفعہ ہذا گزٹ آف انڈیا میں شائع ہونگے اور اشاعت کے بعد مثل قانون کے مؤثر سمجھے جائینگے۔

دفعہ ۱۴ ضمن (ب) کی موٹروں کا مستثنے ہونا

دفعہ ۱۵- کوئی دفعہ ایکٹ ہذا یا کوئی قاعدہ متعلق امور ذیل:-

(الف) نسبت رجسٹری موٹر۔ یا

(ب) انکی ساخت اور شناخت اور ساز و سامان کے متعلق۔ یا

(ج) ڈرائیوروں کے لیسنس یا قابلیت کے متعلق۔

ایسے موٹروں سے متعلق نہیں ہوگا جنکا حوالہ دفعہ ۱۴ ضمن (۱) فقرہ (ب) میں ہے اور نہ اُن لوگوں سے متعلق ہوگا جو اُن موٹروں کے مالک ہوں۔ یا انکو استعمال کرتے یا چلاتے ہوں۔ مگر شرط یہ ہے کہ اگر ضمن مذکور کے بموجب کوئی قاعدہ بنا ہو جو اس قسم کی موٹر یا اُس کے مالک یا ڈرائیور سے متعلق ہو تو اسکی پوری تعمیل کر لیگئی ہو۔

حصہ ۵

متفرق احکام

سزائے جرائم

دفعہ ۱۶ ۔ جو کوئی شخص اس ایکٹ کی کسی دفعہ یا اسکے کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کرے گا اسکو اگر کوئی خاص سزا اُس جرم کے واسطے اس ایکٹ میں مقرر نہ ہو۔ جرمانہ کی سزا ہوگی جس کی انتہائی تعداد ایک سو روپیہ ہوگی اور اگر وہی شخص اس ایکٹ یا کسی قاعدہ کی رو سے پیشتر سزا پا چکا ہو تو جرمانہ ہوگا جس کی انتہائی تعداد دو سو روپیہ ہوگی۔

اختیار سماعت جرائم

دفعہ ۱۷ ۔ کوئی عدالت کمتر از پریسیڈنسی مجسٹریٹ یا مجسٹریٹ درجہ دوم کسی جرم کی سماعت نہیں کر سکتی جس کی سزا اس ایکٹ یا اسکے کسی قاعدہ کی رو سے دیجا سکتی ہو۔

منسوخی و معطلی لیسنس

دفعہ ۱۸ ۔ (۱) لوکل گورنمنٹ کو اپنی صوابدید سے اختیار ہے۔

(الف) کہ کوئی ایسا لیسنس جو اس ایکٹ کے بموجب ملا ہو منسوخ یا معطل کر دے۔ اور

(ب) کسی شخص کی نسبت اعلان کر دے کہ وہ دائمی طور پر یا چند روز کے واسطے حصول لیسنس کے ناقابل قرار دیا جائے۔

(۲) وہ عدالت جس میں کسی شخص کو اس ایکٹ یا کسی قاعدہ کی خلاف ورزی یا موٹر چلانے کے کسی جرم میں سزا ملے اگر اُسکو لیسنس دیا گیا ہو تو لیسنس کی پشت پر سزا کی صراحت کر دیگی اور عدالت کو اختیار ہے کہ اُس شخص اور اُس کے لیسنس کے متعلق وہی اختیارات عمل میں لائے جو ضمن (۱) کی رو سے لوکل گورنمنٹ کو حاصل ہیں۔ مگر کوئی حکم جو اس ضمن کے بموجب عدالت سے صادر ہو کسی شخص یا کسی لیسنس کی نسبت تاریخ سزا یابی سے ایک سال سے زیادہ عرصہ کیواسطے موثر نہیں ہوگا۔

(۳) وہ عدالت جس میں کسی لیسنسدار ایکٹ ہذا ضمن (۲) کا کوئی جرم لگایا جائے اختیار رکھتی ہے کہ تا انفصال مقدمہ لیسنس کو معطل کر دے۔

(۴) اگر کوئی حکم نسبت منسوخی یا معطلی لیسنس یا نسبت ناقابلیت لیسنسدار دفعہ ہذا کے بموجب صادر ہو تو اُس کی نقل پشت لیسنس پر درج کی جائے گی اور یہ نقل بحوالہ دفعہ اُس افسر کے پاس بھیجدی جائے گی جس نے کہ وہ لیسنس دیا ہو۔

(۵) ہر لیسنسدار کو لازم ہے کہ جب کوئی افسر اس دفعہ کے بموجب لیسنس دیکھنا چاہے تو لیسنس اُسکے سامنے پیش کر دے۔

(۶) کوئی شخص جس کا لیسنس اس دفعہ کے بموجب منسوخ یا معطل کیا جائے درانثنائے میعاد منسوخی یا معطلی کوئی دوسرا لیسنس حاصل نہیں کر سکتا۔

(۷) کوئی شخص جس کے لیسنس پر حکم منسوخی یا معطلی وغیرہ درج کیا جائے یا حصول لیسنس کے نا قابل قرار دیا جائے کسی جدید لیسنس کے واسطے اس وقت تک درخواست نہیں دے سکتا جب تک اندراج لیسنس سابق کا یا اظہار ناقابلیت صاف طور پر ظاہر نکر دیا جاوے

منسوخی ایکٹ ہائے سابق۔ دفعہ ۱۹۔ وہ ایکٹ جن کی تصریح ضمیمہ ایکٹ ہذا میں ہے اسکے ذریعہ سے منسوخ کیے گئے۔

مگر جو تقررات واشتہارات واحکام وقواعد ونقشے ولیسنس اُن میں سے کسیکے بموجب مشتہر و جاری ہوئے ہوں جہانتک اس ایکٹ کے نقیض نہوں مثل دستور سابق نافذ رہینگے اور سمجھا جائے گا کہ اسی کے مطابق جاری ہوئے تھے الاجبکہ وہ کسی جدید تقررات واشتہارات واحکام وقواعد ونقشجات ولیسنس کی رو سے جو اس ایکٹ کے بموجب جاری ہوں۔ منسوخ کر دیئے جائیں

ضمیمہ

ایکٹ ہائے منسوخ شدہ

(دیکھو دفعہ ۱۹)

نمبر	سنہ	نام	مقدار منسوخی
۱۲	۱۹۱۲	موٹر وہیکلز انٹرنیشنل سرکیولیشن ایکٹ (مجریہ گورنمنٹ ہند)	کل
۱	۱۹۰۷	ایکٹ موٹر گاڑی متعلقہ مدراس (مجریہ گورنمنٹ مدراس)	ایضاً
۱۱	۱۹۰۴	ایکٹ موٹر گاڑی متعلقہ بمبئی (مجریہ گورنمنٹ بمبئی)	ایضاً
۳	۱۹۰۳	ایکٹ موٹر کار و موٹر سائکل متعلقہ بنگال (مجریہ گورنمنٹ بنگال)	ایضاً
۲	۱۹۱۱	ایکٹ موٹر گاڑی متعلقہ ممالک متحدہ (مجریہ گورنمنٹ ممالک متحدہ)	ایضاً
۲	۱۹۰۷	ایکٹ موٹر گاڑی متعلقہ پنجاب (مجریہ گورنمنٹ پنجاب)	ایضاً
۲	۱۹۰۶	ایکٹ موٹر گاڑی متعلقہ برہما (مجریہ گورنمنٹ برہما)	ایضاً

ڈبلیو۔ ایچ۔ وینینٹ
سکرٹری گورنمنٹ ہند

تمام شد

مطبوعہ مطبع قوانین ہند امرتسر۔